www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور جب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
بانی: علامہ طاہر قادری شہید انٹرنیشنل

Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 55 | منگل 13 صفر 1448ھ 28 جولائی 2026ء | صفحات 08 | شمارہ 16
رجسٹرڈ BC-m-1 | PTCL 081-2827345 | 081-2827344 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | قیمت 40 روپے

بھارتی حکومت علاقائی و عالمی امن کیلئے خطرہ بن چکی، وزیر خارجہ

بھارتی وزیر دفاع کا خطاب جموں و کشمیر پر قبضے، دہشت گردی کی سرپرستی اور داخلی عدم استحکام سے توجہ ہٹانا ہے

اقوام متحدہ سے کشمیریوں کے حق خودارادیت کو یقینی بنانے کے لیے بھارت کو جوابدہ ٹھہرانے کا مطالبہ کیا ہے، ترجمان

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) پاکستان نے بھارتی وزیر دفاع کا بیان جموں و کشمیر تنازعہ سے متعلق حقائق مسخ کرنے کی کوشش ہے۔ جموں و کشمیر اقوام متحدہ کی ساتھی خارجہ عاصر اندرابی کے مطابق بھارتی وزیر دفاع کا وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے اشتعال انگیز اور غیر ذمہ دارانہ بیان کی شدید مذمت کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق بھارتی حکومت کو جموں و کشمیر کو جوابدہ ٹھہرانے کا مطالبہ کیا ہے، ترجمان کوئٹہ کے ایجنڈے پر موجود چین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ تنازع ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق بھارتی ..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7

وزیر اعظم میر سرفراز بگٹی صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ایک ٹریفک سگنل کی افتتاح کی صورت کر رہے ہیں

ایران کیساتھ پائیدار جنگ بندی یا پھر بالکل نہیں ہوگی، امریکی صدر ایران کبھی امریکہ کو جنگ بالمن کے وقت کا تعین نہیں کرنے دیگا، اسماعیل بقائی

مذاکرات ناکام ہوئے تو ایران پر بڑا حملہ کرینگے، ٹرمپ

جنگ یا امن فیصلہ ہمارا ہوگا، ایران

امید ہے علاقائی ممالک امریکہ کے ساتھ ایران مخالف اقدامات میں مزید تعاون سے گریز کریں گے، خطے میں کشیدگی بڑھانے والی کسی بھی کارروائی کے نتائج کی ذمہ داری اس میں شریک فریقین پر عائد ہوگی

امریکہ نے حملے کے بعد یہ سمجھا تھا کہ ایران 3 دن میں ہتھیار ڈال دے گا، کئی ماہ بعد بھی واشنگٹن خود مشکلات کا شکار ہے، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ، ٹرمپ کی اے آئی تصاویر کیساتھ ایران کو نئی دھمکیاں

اے آئی تصاویر میں ایک ایرانی جہاز کو دھماکے سے تباہ ہوتے ہوئے دکھایا گیا ہے، بعض تصاویر میں امریکی صدر نے خود کو اور امریکہ کو دنیا کا محافظ قرار دیا ہے، جو دنیا کو ایران سے بچانے میں مصروف ہیں

لبنان کی علاقائی سالمیت کے تحفظ اور صیہونی حکومت کی جارحیت کا مکمل روکنا اور غیر مشروط خاتمہ امریکہ کی مسلط کردہ جنگ کے خاتمے کے لیے کسی بھی معاہدے کی اولین شرط ہے، ہیتھی خامنہ ای

واشنگٹن/تہران (مرذ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ مذاکرات کامیاب ہونے کی صورت میں فوج کو ایران پر حملہ ختم کرنے کے لیے دوں گا یہ بات انہوں نے ایک انٹرویو میں کہی ہے۔ میری صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایرانی آئی تھکری کمیٹی اور خارجہ آئل ٹرمپل پر مجلسے سیت مصوفی ہانات (اے آئی) سے تیار کردہ متعدد تصاویر شیئر کر دیں۔ امریکی ..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7

خاران میں مسلح افراد کا مقامی بینک پر حملہ، اے ٹی ایم مشین تباہ

مسلح افرادوں پٹرول پمپس سے لاکھوں روپے لوٹ کر فرار ہوگئے

خاران میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ، شہری پریشان

خاران (رپورٹ محمد محسن محمد محسنی) نامعلوم مسلح افراد نے خاران بازار میں واقع نیشنل بینک کی برانچ پر حملہ کر کے بینک کے دروازے بند ہونے کے باعث مسلح افراد نے بینک کے اے ٹی ایم پر فائرنگ کر کے اسے نقصان پہنچایا جبکہ ایک روز قبل خاران شہر کے دنگل روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے سڑک بند کر کے سلاجیار پٹرول پمپ اور بازی پٹرول پمپ پر ڈکیتی ..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7

بھارت نے کوئی ایڈونچر کیا تو جو کسر رہ گئی وہ بھی پوری کرینگے، وزیر دفاع

بھارت کو شکست فاش کی دنیا گواہ ہے، بھارت کو پچھلے سال کے مقابلہ میں زیادہ ذلت اٹھانی پڑے گی

پاکستان بہادری سے بھارت کا مقابلہ کر رہا ہے اگر وہ مکمل جنگ لڑنا چاہتا ہے تو ہم تیار ہیں، خواجہ آصف

اسلام آباد (رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ مسرت کی میں شکست سے بھارت بھارتی رہنماؤں کے بیان بازی کی کوئی وقعت نہیں اگر بھارت نے کوئی ایڈونچر کی کوشش کی تو پچھلے سال جو کسر رہ گئی ..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7

تمبو میں تعمیراتی کمپنی کی مشینری پر مسلح افراد کی فائرنگ

مسلح افراد کی علاقے میں کام کرنیوالے ملازمین کو سنگین دھمکیاں

کمپنی کی گاڑی اور مشینری کو شدید نقصان پہنچا، ملزمان فرار ہوگئے

کوہلو (ثنائے مشرق) سے تعمیل تمبو میں زیر تعمیر ڈیم منصوبے پر تعینات تعمیراتی کمپنی کی مشینری اور گاڑیوں پر نامعلوم مسلح افراد نے اتوار اور پیر کے دوران رات کے فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں کمپنی کی مشینری اور متعدد گاڑیوں کو نقصان پہنچا۔ ایس ایچ او کوہلو کے مطابق حملہ آوروں نے تعمیراتی کمپنی کی گاڑیوں پر اندھا دھند فائرنگ کی اور ان کے ٹائر برسٹ کر دیے۔ واقعے کے دوران خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، تاہم مسلح افراد نے کمپنی کے ملازمین کو اغوا کرنے کی دھمکی دیتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے۔ ایس ایچ او نے بتایا کہ واقعے کے ..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7

چیف سیکرٹری بلوچستان صوبے میں انٹرنیٹ بند کے خلاف احتجاج کرنیوالے صحافیوں کے نمائندوں سے ملاقات کر رہے ہیں

سعودی ولی عہد اور برطانوی وزیر اعظم کا رابطہ، قومی مفادات کی ترجیح

ریاض (مرذ) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور برطانوی وزیر اعظم ایڈی برنہم کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا۔ سعودی خبر رساں ادارے کے مطابق شہزادہ محمد بن سلمان نے ایڈی برنہم کو برطانیہ کی ..... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7

باپ المندب میں پھنسے جہاز نکل آئے، علی پرویز

تیل قیمتوں میں بہتری آئے گی، وفاقی وزیر پٹرولیم نے خوشخبری سنا دی

اسلام آباد (رپورٹ) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے پٹرول بم میں پٹرول مصنوعات کی قیمتوں میں بہتری کی امید ظاہر کر دی۔ اسلام آباد میں میڈیا سے ..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7

ڈائریکٹر جنرل محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان سکسمن لکھانا امور کے حوالے سے متعلقہ وفاقی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پٹرولیم قیمتوں میں روزانہ چھوٹی تبدیلی زیادہ بہتر ہے، خرم شہزاد

ہفتہ وار یا 15 دن بعد تبدیلی سے زیادہ بوجھ پڑتا ہے، مشیر وزیر خزانہ

اسلام آباد (رپورٹ) مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پٹرول مصنوعات کی قیمتوں میں ہفتہ وار یا 15 دن بعد تبدیلی سے زیادہ بوجھ پڑتا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ روزانہ پیٹرول کی قیمتوں کو دیے گئے اتفاق سے ..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7

پاکستان غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ساختی اصلاحات پر عمل پیرا ہے، فیلڈ مارشل

پائیدار علاقائی استحکام کا دارومدار اقتصادی ترقی، تجارت کے فروغ اور علاقائی روابط پر ہے، جنرل سید عاصم منیر

امریکی ایوان نمائندگان کے ارکان کی ملاقات، علاقائی سلامتی، دوطرفہ دفاعی اور اقتصادی تعاون پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (زاہد احمد خان) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے امریکی ایوان نمائندگان کے رکن ریان تھچ ریگ اور مائیکل ٹیٹر نے جنرل ہیڈ کوارٹر راولپنڈی میں ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی ..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7

وزیر اعظم سے چینی سفیر کی ملاقات خطے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال

معاہدوں پر تعمیر آمد کے لیے دونوں فریق تعاون جاری رکھیں گے، شہباز شریف

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان اور چین کے درمیان ہمہ جہت اسٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف سے چینی سفیر جیانگ زائی ڈونگ نے ..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7

مستونگ کھڈ کوچہ سے نجی کوریئر کمپنی کے 2 اہلکار اغوا، کروڑوں روپے تاوان طلب

اغوا ہونے والے اہلکاروں کی شناخت ساجد علی اور جان محمد سکنہ کوئٹہ سے ہوئی، سامان کے ہمراہ کراچی جا رہے تھے

مقررہ تاوان ادا نہ کیا گیا تو مغوی اہلکاروں کو قتل کر دیا جائے گا، اغوا کاروں کی دھمکی، اداروں نے تحقیقات شروع کر دی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مستونگ کھڈ کوچہ سے نجی کوریئر کمپنی کے دو اہلکار گاڑی سمیت اغوا کر لیا۔ 25 کروڑ روپے تاوان طلب، قتل کی دھمکی دیدی سیکورٹی ذرائع کے مطابق مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ سے نجی کوریئر کمپنی کے دو اہلکاروں کو نامعلوم افراد ان کی گاڑی سمیت اغوا کر لیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اغوا ہونے والے اہلکاروں کی شناخت ساجد علی اور جان محمد کوئٹہ کے رہائشی کا کہنا ہے کہ اغوا کاروں نے دونوں اہلکاروں کی رہائی کے لیے 25 کروڑ روپے تاوان کا مطالبہ کیا ہے۔ میت عہدہ پر یہ بھی دھمکی دی گئی ہے کہ اگر مقررہ تاوان ادا نہ کیا گیا تو مغوی اہلکاروں ..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے دو نوجوان کوئٹہ کے رہائشی کا کہنا ہے کہ اغوا کاروں نے دونوں اہلکاروں کی رہائی کے لیے 25 کروڑ روپے تاوان طلب، قتل کی دھمکی دیدی سیکورٹی ذرائع کے مطابق مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ سے نجی کوریئر کمپنی کے دو اہلکاروں کو نامعلوم افراد ان کی گاڑی سمیت اغوا کر لیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اغوا ہونے والے اہلکاروں کی شناخت ساجد علی اور جان محمد کوئٹہ کے رہائشی کا کہنا ہے کہ اغوا کاروں نے دونوں اہلکاروں کی رہائی کے لیے 25 کروڑ روپے تاوان کا مطالبہ کیا ہے۔ میت عہدہ پر یہ بھی دھمکی دی گئی ہے کہ اگر مقررہ تاوان ادا نہ کیا گیا تو مغوی اہلکاروں ..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7

خضدار، نجی کمپنی کے 4 افراد گاڑی سمیت اغواء

پولیس اور سیکورٹی فورسز نے مغویوں کی تلاش شروع کر دی

اغواء کے بعد کمپنی نے سیکورٹی خدشات کے باعث کام بند کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) خضدار کے علاقے سے 4 مسلح مسلح افراد نے 4 افراد کو گاڑی سمیت اغواء کر لیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق پیر کو خضدار کے علاقے ..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7

ہوائی و دگر پوں میں مسلح تصادم 3 جان بحق، پنجگور میں تخریب کاری ناکام

مرغہ کبزئی کے قریب گلی زڑہ میں فائرنگ سے عبدالکریم کرزئی اسکا بیٹا اور شاہ فیصل جاں بحق ہوئے دو زخمی

فورسز نے پنجگور میں ٹیلی چوک کے قریب دہشت گردوں کی جانب سے نصب کردہ آئی ای ڈی ناکارہ بنادی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوہالانی کے علاقے مرغہ کبزئی کے قریب گلی زڑہ میں دو گروپوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں عبد الکریم کرزئی کے صاحبزادے شاہ فیصل چیتی شامل ہیں۔ فائرنگ ..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7

حکومت نے ڈیزل 3 روپے مہنگا، پیٹرول ایک روپے سستا کر دیا

پیٹرول کی نئی قیمت 334 روپے 18 پیسے فی لیٹر ہوگئی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (رپورٹ) پیٹرول و ڈیزل کی قیمت 28 جولائی کیلئے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، نوٹیفکیشن کے مطابق ڈیزل کی قیمت میں ..... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7

وزیر مملکت میر سرفراز بگٹی سوہانی وزیر میر صادق عمرانی اور کن اسمبلی زرک مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

ایران کے خلاف بڑے حملے ممکن مگر اسلحہ ذخائر میں کمی ہوگی، امریکی جنرل

صدر ٹرمپ نے ایران کے خلاف جنگ میں امریکی اسلحہ ختم ہونے کی خبروں کو مسترد کر دیا

واشنگٹن (مرذ) امریکا کے جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین جنرل ڈین کین نے خبردار کیا ہے کہ ایران کے خلاف بڑے پیمانے پر فوجی کارروائیاں دوبارہ شروع کرنا ممکن ہے، لیکن اس سے امریکی فوج کے پاس موجود میزائلوں کے ذخائر خطرناک حد تک کم ہو جائیں گے۔ جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین جنرل ڈین کین نے فوجی ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7

صحافیوں کو ڈیجیٹل اسٹیکرز کی جدید تربیت فراہم کرینگے، عطاء تارڑ

حکومت میڈیا ہاؤسز کے ملازمین کے روزگار کے تحفظ، واجبات کی بروقت ادائیگی، ہاؤسنگ، ہیلتھ کارڈ پر سنجیدگی سے کام کر رہی ہے

وفاقی وزیر اطلاعات کا ڈیجیٹل پریس کلب کی ویب سائٹ کا افتتاح، دو ماہ میں پی پی میں ڈیجیٹل لیب قائم کی جائے گی، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ کی ڈیجیٹل پریس کلب آمد، این پی پی کی ویب سائٹ کا افتتاح کیا، این پی پی میں دو ماہ کے اندر جدید ڈیجیٹل لیب قائم کرنے کا اعلان، صدر اور سیکرٹری پریس کلب نے وفاقی وزیر کو پریس کلب کی اعزازی رکنیت دینے کا اعلان، تقریب میں پی ٹی آئی سوشل میڈیا سیل، عالمی ..... پریس کلب کے ..... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7

ایران کیخلاف بڑے حملے ممکن مگر اسلحہ ذخائر میں کمی ہوگی، امریکی جنرل

صدر ٹرمپ نے ایران کیخلاف جنگ میں امریکی اسلحہ ختم ہونے کی خبروں کو مسترد کر دیا

واشنگٹن (مرذ) امریکا کے جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین جنرل ڈین کین نے خبردار کیا ہے کہ ایران کے خلاف بڑے پیمانے پر فوجی کارروائیاں دوبارہ شروع کرنا ممکن ہے، لیکن اس سے امریکی فوج کے پاس موجود میزائلوں کے ذخائر خطرناک حد تک کم ہو جائیں گے۔ جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین جنرل ڈین کین نے فوجی ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7

پائی پی ٹی آئی رہائی فورس بھی قائم نہیں ہوئی، سہیل آفریدی

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کا وفاقی آئینی عدالت میں جواب جمع

اسلام آباد (رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی پی پی ٹی آئی رہائی فورس سے متعلق کیس میں وفاقی آئینی عدالت میں جواب جمع ..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7

افغانستان میں طالبان فورسز اور مسلح جنگجوؤں میں شدید جھڑپیں جاری

افغان صوبے بدخشاں جانیوالے طالبان کے فوجی قافلے پر راکٹ حملہ 7 ہلاک 6 زخمی ہوئے، اے ایف ایف

ضلع زیباک میں باغی گروہ کے حملے میں طالبان کو اپنی پوزیشنیں چھوڑ کر پیچھے ہٹنا پڑا، طالبان کا تبصرے سے انکار

کابل (مرذ) افغانستان میں طالبان مخالف مسلح گروہ افغانستان فریڈم فرنٹ (اے ایف ایف) کا کہنا ہے کہ گذشتہ تین روز سے افغانستان کے صوبہ بدخشاں میں طالبان ..... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7

سعودی عرب نے عراق سے ہونیوالے ڈرون حملے ناکام بنادیئے

ریاض (مرذ) سعودی عرب نے عراق سے ہونیوالے ڈرون حملے ناکام بنادیئے، حملے عراقی مسلح گروپوں کی جانب سے کیے گئے۔ سعودی وزارت دفاع ..... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7

جنوبی افریقہ، فائرنگ سے دو بھائیوں سمیت 4 پاکستانی جاں بحق

چاروں دکان بند کر کے گھر جا رہے تھے کہ نامعلوم مسلح افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر دی

جاں بحق افراد میں تین کا تعلق منڈی بہاؤ الدین جبکہ ایک کا تعلق سیالکوٹ سے ہے

جوہانسبرگ (مرذ) جنوبی افریقہ میں فائرنگ کے ایک واقعے میں منڈی بہاؤ الدین کے گاؤں بلیر کے دو بھائیوں سمیت چار پاکستانی شہری جاں بحق ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق چاروں افراد دکان بند کر کے گھر جا رہے تھے کہ نامعلوم مسلح افراد نے ان کی گاڑی پر اندھا ..... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7

25 ہزار کے عوض بلوچ بھائیوں کے خون سے ہاتھ رنگے، حبیب اللہ

جھوٹے وعدے اور مالی لالچ دے کر بھرتی کیا، گرفتار دہشت گرد کے ہوشربا انکشافات

کوئٹہ (آئی این پی) سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں گرفتار فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد کے دوران تفتیش ہوشربا انکشافات سامنے آئے ہیں۔ دہشت گرد حبیب اللہ کا تعلق ضلع خضدار کی تحصیل اورماڑہ کے علاقے سیرانمدوہ سے ہے۔ حبیب اللہ ..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7

پینٹاگون کا بڑا اعتراف، ایران جنگ میں 18 امریکی فوجی ہلاک

زخمی اہلکاروں میں 46 آرمی، 8 نیوی، 5 ایئر فورس سے تعلق رکھتے ہیں، رپورٹ

واشنگٹن (مرذ) امریکی محکمہ دفاع (پینٹاگون) نے ایران کے خلاف جاری جنگ سے متعلق امریکی فوجیوں کے جانی نقصانات کی تازہ ترین رپورٹ جاری کر دی ہے جس کے مطابق جنگ کے آغاز سے اب تک 18 امریکی فوجی ہلاک جبکہ 624 زخمی ہو چکے ہیں۔ ..... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7

ایران نے کیکا پاکستان فرینڈ شپ ہسپتال اہم طبی مرکز بن چکا، چیف سیکرٹری

ہسپتال کے قیام سے قبلی عوام کو دگر بڑے شہروں کا رخ کرنا پڑتا تھا، اب ہم ایک بین الاقوامی معیار کی خدمات دستیاب ہیں، شکیل قادر خان

ہسپتال کو تمام سہولیات، جدید طبی آلات، افرادی قوت اور مالی وسائل کی بروقت فراہمی یقینی بنائیں، وزیر صدارت اجلاس میں ہدایت

کوئٹہ (آئی این پی) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے وزیر صدارت جی ڈی اے کے اجلاس میں ہدایت کی ہے کہ ایران کے ساتھ فرینڈ شپ ہسپتال کو ادارہ جاتی طبی مرکز بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ ہسپتال میں ..... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7

کشمیر الیکشن چوری نہیں کرنے دیں گے، شرجیل میمن

(ن) لیگ بدمعاشوں اور غنڈوں کو لگام دے، سینئر وزیر سندھ

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ زبردستی اور دھونس سے ن لیگ کو کشمیر میں الیکشن چوری کرنے نہیں دیں گے۔ ..... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7

نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان، شرح سود 11.50 فیصد پر برقرار

گورنر اسٹیٹ بینک کی زیر صدارت اجلاس میں معاشی امور کا تفصیلی جائزہ

کراچی (بیورو رپورٹ) گورنر اسٹیٹ بینک کمیل احمد نے نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان کر دیا، شرح سود 11.50 فیصد پر برقرار رکھی گئی۔ گورنر اسٹیٹ بینک کمیل احمد ..... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7

جنرل سید عاصم منیر سے ملاقات، بلوکا شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات، بلوکا شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی

اسلام آباد (مرذ) جنرل سید عاصم رضا نے کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ کا منصب سنبھال لیا، جس پر انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق جنرل سید عاصم رضا نے بلوکا شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور وطن کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کے لیے ..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7

ڈائریکٹر سیاست و حکومت کرنل انٹیلی بلوچ خانوں و انٹیلی جنس گلگتی کو ٹیلیفون سے بات کر رہے ہیں

بلوچستان آپریشن العزم، خضدار سوراب اور مند میں 13 دہشتگرد ہلاک

دہشت گردوں کی نقل و حرکت سے متعلق خفیہ اطلاعات پر کارروائی، بھاری مقدار میں اسلحہ و سپلائٹ فونز برآمد

کالعدم تنظیم کے دہشت گردوں کے زیر استعمال متعدد ٹھکانوں کی تلاشی، فورسز نے علاقے کا مکمل کنٹرول حاصل کر لیا

بلوچستان کے ایران سے متصل سرحدی علاقے مند میں فورسز کی کارروائی، روڈ بند کر دیا، 3 دہشت گرد ہلاک، سیکورٹی ذرائع

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں جاری آپریشن "العزم" کے تحت بلوچستان میں تیز سے جاری ہیں سکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ اور تجارت کے مواقع میں اضافہ حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس میں بورڈ آف گورنرز نے لیاقتی اور انتظامی امور کی منظوری دی دہشت گردی کے خاتمے اور امن و امان کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی جانب سے انتہائی جتن ..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7

سیکرٹری پیس پالیسی سائز وحداء اس چانسلر یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد خلیفہ اکبر و ڈیجیٹل میڈیا ایڈوائزر کے شعبہ کو گروپ فوٹو

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی 13 حلقوں پر 6 کے نتائج مکمل، مسلم لیگ (ن) 4 پی ٹی آئی 2 پر کامیاب

کیل میں پولنگ کے دوران فائرنگ سے پیپلز پارٹی کے کارکن جاں بحق، 3 افراد زخمی، بلاول بھٹو کا اظہار افسوس

کوٹلی میں دو پریذائیڈنگ افسر گرفتار اور معطل، پولنگ الیکشن پر پیپلز کے بجائے نجی رہائش گاہ چلے گئے تھے، جرمان الیکشن کمیشن

پیپلز پارٹی نے رانا ثنا کے الزامات مسترد کر دیئے، وفاقی مداخلت اور سرکاری وسائل کے استعمال پر شدید تحفظات کا اظہار

مظفر آباد (مرذ) آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے مختلف حلقوں کے غیر سرکاری اور غیر حتمی نتائج کے مطابق مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان کانٹے کا مقابلہ جاری ہے۔ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے میر پور، کوٹلی اور پونچھ میں قائم 13 حلقوں پر آج ووٹنگ ہوئی، 5 بجے ووٹنگ کا وقت ختم ہونے کے بعد ووٹنگ کے لیے کیے گئے انتظامات، ووٹ گنتی کے دوران دونوں بڑی جماعتوں اور غیر سرکاری نتائج ..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7

کیل (مرذ) آزاد کشمیر کے حلقہ کیل میں پولنگ کے دوران پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں پیپلز پارٹی کے کارکن محمد یونس جاں بحق جبکہ تین افراد زخمی ہوئے۔ اطلاعات کے مطابق یہ واقعہ کیل کے گاؤں دھیری میں پیش آیا جہاں پولنگ کے دوران دونوں جماعتوں کے کارکن آپس میں الجھ گئے۔ گتھیاں بڑھنے پر فائرنگ ہوئی جس کے نتیجے میں محمد یونس موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ تین ..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7

پاکستان کویتی ہیلتھ کیئر کمپنی کے 2 ہسپتالوں کا افتتاح

ہسپتال کا دورہ کیا، کویتی سفیر کا پاکستان کیساتھ تعاون کا اعلان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان کویتی ہیلتھ کیئر کمپنی کے 2 ہسپتالوں کا افتتاح کیا گیا۔ کویتی سفیر نے ہسپتال کا دورہ کیا، کویتی سفیر کا پاکستان کیساتھ تعاون کا اعلان کیا گیا۔ ..... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7

کویتی وزیر خارجہ آج اسلام آباد پہنچیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ترجمان وفاقی وزارت خارجہ کے مطابق کویت کے وزیر خارجہ 28 سے 29 جولائی تک پاکستان کا سرکاری دورہ کریں گے اور اس دوران وہ آج اسلام آباد پہنچیں گے۔ ترجمان کے مطابق دورے ..... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7

محسن نقوی کی حافظ نعیم سے ملاقات، ملکی صورتحال پر تبادلہ خیال

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر داخلہ محسن نقوی نے منصورہ میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان سے ملاقات کی، جس میں ملک کی عمومی سیاسی و سیکورٹی صورتحال، علاقائی امور اور عوام کو درپیش مسائل کے حل ..... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7

قائداعظم نامی شہری کا شناختی کارڈ بلاک

درخواست گزار کا نادرا بورڈ کے سامنے پیش ہونے کی ہدایت

درخواست گزار پاکستانی شہری ہے اور اپنا کاروبار چلا رہا ہے، وکیل

بہاولپور (بیورو رپورٹ) پٹ پر ہائیکورٹ نے قائد اعظم نامی درخواست گزار کا شناختی کارڈ بلاک کرنے کے خلاف دائر درخواست پر نادرا کو پیش ہونے کی ہدایت کر دی۔ فاضل جسٹس الغام اللہ خان کی سربراہی میں ڈویژن بنچ نے ..... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7

ایران کیساتھ پائیدار جنگ بندی یا پھر بالکل نہیں ہوگی، امریکی صدر ایران کبھی امریکہ کو جنگ بالمن کے وقت کا تعین نہیں کرنے دیگا، اسماعیل بقائی

امید ہے علاقائی ممالک امریکہ کے ساتھ ایران مخالف اقدامات میں مزید تعاون سے گریز کریں گے، خطے میں کشیدگی بڑھانے والی کسی بھی کارروائی کے نتائج کی ذمہ داری اس میں شریک فریقین پر عائد ہوگی

امریکہ نے حملے کے بعد یہ سمجھا تھا کہ ایران 3 دن میں ہتھیار ڈال دے گا، کئی ماہ بعد بھی واشنگٹن خود مشکلات کا شکار ہے، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ، ٹرمپ کی اے آئی تصاویر کیساتھ ایران کو نئی دھمکیاں

اے آئی تصاویر میں ایک ایرانی جہاز کو دھماکے سے تباہ ہوتے ہوئے دکھایا گیا ہے، بعض تصاویر میں امریکی صدر نے خود کو اور امریکہ کو دنیا کا محافظ قرار دیا ہے، جو دنیا کو ایران سے بچانے میں مصروف ہیں

لبنان کی علاقائی سالمیت کے تحفظ اور صیہونی حکومت کی جارحیت کا مکمل روکنا اور غیر مشروط خاتمہ امریکہ کی مسلط کردہ جنگ کے خاتمے کے لیے کسی بھی معاہدے کی اولین شرط ہے، ہیتھی خامنہ ای

واشنگٹن/تہران (مرذ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ مذاکرات کامیاب ہونے کی صورت میں فوج کو ایران پر حملہ ختم کرنے کے لیے دوں گا یہ بات انہوں نے ایک انٹرویو میں کہی ہے۔ میری صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایرانی آئی تھکری کمیٹی اور خارجہ آئل ٹرمپل پر مجلسے سیت مصوفی ہانات (اے آئی) سے تیار کردہ متعدد تصاویر شیئر کر دیں۔ امریکی ..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7

صنفی تشدد پر فرمہ دارانہ رپورٹنگ ناگزیر ہے، سائرہ عطا

میڈیا فیلوشپ پروگرام صحافیوں کی پیشہ ورانہ استعداد، متوازن رپورٹنگ اور عوامی شعور کے فروغ میں مؤثر کردار ادا کرے گا

حکومت خواتین کے حقوق کے تحفظ، بااختیار بنانے اور محفوظ معاشرے کی تشکیل کیلئے متعلقہ اداروں کے ساتھ عملی اقدامات کر رہی ہے

پیمرا میں فرانزک سائنسز اور پبلک ہیلتھ کے شعبے شروع، ذمہ دارانہ صحافت کو سماجی انصاف کیلئے اہم قرار دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری ومن ڈویلپمنٹ سائرہ عطا نے کہا ہے کہ میڈیا معاشرے میں مثبت تبدیلی لانے کا مؤثر ذریعہ ہے اور صنفی بنیاد پر تشدد، گھر میں کی شادی اور خواتین و بچوں سے متعلق حساس معاملات کی ذمہ دارانہ رپورٹنگ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے یہ بات منگل دوپہر کو ڈیپلومیٹک انکلیو میں نیشنل ہیومن رائٹس ایسوسی ایشن آف انٹرنیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ سائنسز (نیہوٹ) اور اقوام متحدہ کے ادارے یو این ایڈس کے اے کے اشتراک سے پیمرا کے بلیک ہال میں منعقدہ "پروفیشنل میڈیا فیلوشپ پروگرام" کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان خواتین کے حقوق کے تحفظ، بااختیار بنانے اور محفوظ معاشرے کی تشکیل کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر عملی اقدامات کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میڈیا فیلوشپ پروگرام صحافیوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرے گا، جس سے وہ حقائق پر مبنی، متوازن اور حساس رپورٹنگ کے ذریعے معاشرے میں شعور اجاگر کرنے میں مؤثر کردار ادا کر سکیں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد حقیقہ نے کہا کہ جامعات صرف تعلیم تک محدود نہیں بلکہ معاشرتی بہتری اور قومی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کرتی ہیں، جبکہ یونیورسٹی نوجوان صحافیوں اور میڈیا پروفیشنلز کو جدید تحقیق، تربیت اور عملی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی میں فرانزک سائنسز اور پبلک ہیلتھ کے شعبے شروع کر دیے گئے ہیں۔ تقریب سے ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سعید شاہوانی نے بھی خطاب کیا جبکہ سرکاری، نجی میڈیا نمائندوں، اساتذہ، طلبا اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اختتام پر شرکا میں یادگاری شیلڈز تقسیم کی گئیں اور گروپ فوٹو بھی کیا گیا۔

ڈائریکٹر سیاحت و ثقافت گوہرام بگٹی بلوچ و دیگر منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

چوہدری نوید کی ان 'ایگ لیبر ونگ' کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد

نومنتخب قیادت بلوچستان بھر میں تنظیم کو مزید فعال بنانے کیلئے کوشاں رہے گی

مزدوروں کے حقوق اور پارٹی نظریے کے فروغ کیلئے جدوجہد جاری رکھنے کا عزم

کوئٹہ (اے ایس این) مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کے صوبائی صدر چوہدری نوید احمد نے اپنے ایک بیان میں مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کے نومنتخب عہدیداران محمد زبیر، صوبائی نائب صدر اعظم چدھان، صوبائی جنرل سیکرٹری محمد وحید کاکڑ، صوبائی سیکرٹری اطلاعات و نشریات اور شعبہ سینیمین صوبائی آفس سیکرٹری کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان شاء اللہ نومنتخب عہدیداران بلوچستان بھر میں تنظیم کو مزید فعال بنانے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے اور بلوچستان کے مزدوروں کے حقوق کے لیے بھرپور جدوجہد کریں گے، اپنے قائد میاں نواز شریف کے افکار کی ترویج کے لیے کوشاں رہیں گے اور مسلم لیگ (ن) کے نظریے کے فروغ میں ہر اول دستے کا کردار ادا کریں گے۔

منشیات کے خاتمے کیلئے جامع حکمت عملی ضروری، کفایت آغا

علاج، بحالی، آگاہی اور مثبت مواقع سے نوجوانوں کو محفوظ بنایا جائے

والدین، اساتذہ، علما اور میڈیا منشیات کی روک تھام میں کردار ادا کریں

کوئٹہ (پ ر) منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان نے نوجوان نسل کے مستقبل اور معاشرتی امن کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے، اس سنگین مسئلے سے نمٹنے کے لیے تعلیمی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کافی نہیں بلکہ سب کو مل کر علاج، بحالی، آگاہی اور نوجوانوں کے لیے مثبت مواقع کی فراہمی پر بھی خصوصی توجہ دینا ہوگی، کیونکہ منشیات کے خلاف حقیقی کامیابی ایک جامع اور مستقل حکمت عملی کے ذریعے ہی حاصل کی جا سکتی ہے۔ یہ خیالات کا اظہار نجات ایک ٹرسٹ اینڈ پیڈیٹر سوسائٹی بلوچستان کے چیئرمین سید حماد کفایت اللہ آغا نے گزشتہ روز اپنے گھر پر دیوان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ منشیات ایک ایسا ناسور ہے جو خاموشی سے معاشرے کی بنیادوں کو کمزور کر رہا ہے۔ اس کے اثرات صرف منشیات استعمال کرنے والے فرد تک محدود نہیں رہتے بلکہ پورا خاندان اس کے نقصانات سے متاثر ہوتا ہے۔ ایک نوجوان جب منشیات کا شکار ہوتا ہے تو اس کے ساتھ ایک خاندان کی امیدیں، خواب اور مستقبل بھی متاثر ہوتے ہیں، اس لیے اس مسئلے کو محض ایک فرد کا نہیں بلکہ معاشرے کا مسئلہ سمجھنا ہوگا۔ بلوچستان کے نوجوان باصلاحیت، باہمت اور محنتی ہیں مگر بے روزگاری اور ناامیدی انہیں منشیات کی طرف دھکیل رہی ہے۔ نوجوانوں کو کھیل، فنی تربیت، کھیلوں، روزگار اور کاروبار جیسے مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ اپنی قوتوں کو تعمیری سرگرمیوں میں صرف کر سکیں۔ منشیات کے عادی افراد کو معاشرے سے کاٹ دینا مسئلے کا حل نہیں۔ انہیں علاج، نفسیاتی معاونت اور بحالی کی سہولیات فراہم کر کے دوبارہ معاشرے کا فعال حصہ بنایا جا سکتا ہے۔ سید حماد کفایت اللہ آغا نے کہا کہ والدین، اساتذہ، علما، سیاسی و سماجی رہنما، میڈیا اور سول سوسائٹی منشیات کے خلاف آگاہی پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ تعلیمی اداروں میں آگاہی پروگرام منعقد کیے جائیں اور والدین اپنے بچوں کے مسائل اور سرگرمیوں پر خصوصی توجہ دیں۔

بلوچستان کی ترقی کیلئے اجتماعی سیاسی کردار ناگزیر، علی احمد ابا کی

سیاسی جماعتیں اختلافات سے بالاتر ہو کر عوامی مفاد میں مشترکہ کردار ادا کریں

تعلیم، صحت، روزگار اور امن کی فراہمی سے بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما میر علی احمد ابا نے کہا ہے کہ بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر تمام سیاسی جماعتوں، عوامی نمائندوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ ترقی کا راز تعلیم، شفاف اور پُرامن بلوچستان ہم سب کا مشترکہ مؤقف ہے، جس کے حصول کے لیے اجتماعی کوشش، سیاسی استحکام اور عوامی مفادات کو ترجیح دینا ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کسی ایک سیاسی جماعت، ادارے یا حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ سب میں ترقی کی عمل کو تیز کرنے کے لیے سیاسی جماعتوں کو باہمی اختلافات کو ایک طرف رکھتے ہوئے صنع اور قومی اور صوبائی مفادات مقدم ہونا ہوگا۔ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، تعلیم، صحت، روزگار، مواصلات، امن و امان اور نوجوانوں کے لیے بہتر مواقع پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ ملک اور صوبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے اور اب ضرورت اس امر کی ہے کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ، مربوط اور عملی اقدامات کیے جائیں۔

کوئٹہ، طالب علم جہانزیب اور دیگر پریس کلب کی نمائندگی کر رہے ہیں

بلوچستان میں حکومتی کارکردگی پر نظر ثانی ضروری ہے، اقبال کاکڑ

امن و امان، انتظامی کمزوری اور عوامی مسائل فوری اصلاحات کے متقاضی

صوبے میں شفاف، جوابدہ اور مؤثر طرز حکمرانی سے ترقی و استحکام ممکن ہے

کوئٹہ (ایڈیٹر رپورٹر) کرین پاکستان پارٹی کے مرکزی صدر اقبال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں موجودہ حکومتی سیٹ اپ پر نچلے درجے کی کارکردگی کے الزامات سامنے آ رہے ہیں۔ انہوں نے مشرق سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کو امن و امان، انتظامی کمزوری، بنیادی سہولیات کی کمی، ترقیاتی منصوبوں میں سست روی اور عوامی مسائل جیسے چیلنجز کا سامنا ہے۔ جو موجودہ حکومتی سیٹ اپ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ مہینوں میں امن و امان کی صورتحال، سوشل میڈیا کے متعلق اغوا کے الزامات اور خواتین اور بچوں کے حقوق کے تحفظ، سماجی انصاف اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول میں بھی اہم کردار ادا کرنی ہے۔ انہوں نے اس مشترکہ اقدام کو بلوچستان کے محاذ کے معیار کی بہتری کی جانب اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے بتایا کہ یہ پوسٹ ڈی ایس فرانزک سائنسز اور پبلک ہیلتھ کے نئے شعبے شروع کر دیے گئے ہیں۔ تقریب سے ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سعید شاہوانی نے بھی خطاب کیا جبکہ سرکاری، نجی میڈیا نمائندوں، اساتذہ، طلبا اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اختتام پر شرکا میں یادگاری شیلڈز تقسیم کی گئیں اور گروپ فوٹو بھی کیا گیا۔

بجلی بند رہنے کا اطلاع

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ سیٹلائٹ ٹاؤن (کیسکو) کے اعلامیے کے مطابق تکنیکی ترقیاتی کام (این جی سی) 220 کے وی سی۔ کوئٹہ ٹرانسمیشن لائن 28 اور 29 جولائی کو صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی، جس کے باعث فیڈر 220 کے وی گرڈ کی بجلی فراہمی بند رہے گی۔ اضافی برقی قوت کو کیسکو سب سٹیشن میں بھیجا جائے گا۔ کیسکو نے اس دوران بجلی کی بندش پر معذرت طلب کرتے ہوئے تکنیکی معذرت کرتے ہوئے تعاون کی اپیل کی ہے۔

بلوچستان پولیس میں تقرر و تبادلے

کوئٹہ (آن لائن) سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ کے اعلامیے کے مطابق تعیناتی کے منتظر ڈی ایس پی افسر (ڈی ایس 18) فہد خان کی خدمات ڈی آئی جی پولیس سی ٹی ڈی کے سپرد کر دی گئی ہیں، جبکہ ایس پی ناردن ڈیرہ بگٹی (پی ایس 18) محمد ہاشم کو سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ رپورٹ کرنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔ اسی طرح انسپکٹر اسٹرکچر خاران ظفر اللہ کو ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹرز خاران تعینات کر دیا گیا ہے۔

ایکسٹرنر محمد خان ترین کے انتقال پر تعزیت کرنے والوں سے اظہار تشکر

کوئٹہ (پ ر) ملک بخت محمد ترین، ملک قاسم خان ترین اور استاد یار خان ترین نے ایکسٹرنر ملک محمد خان ترین، مرحوم ملک ایوب خان ترین کے صاحبزادے، کی وفات پر جنازے اور تدفین میں شرکت کرنے، فون اور پیغامات کے ذریعے تعزیت کرنے اور مرحوم کے لیے دعا سے مغفرت کرنے والے تمام احباب کا شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ذوالجلال اس کٹھن دن میں ان کے ہر شریک ہونے والے تمام افراد کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

فیض احمد مندوخیل کی فاتحہ خوانی آج ہے ہوگی

کوئٹہ (پ ر) سابق ایس ایس (ی ایچ ڈویژن) فیض احمد مندوخیل مرحومی کی فاتحہ خوانی آج (بروز منگل 29 جولائی) ان ہی رہائش گاہ شاہراہ بلوچ، قلعہ چوک، کوئٹہ میں ہوگی۔ مرحوم سابق سیکرٹری عبدالخالق مندوخیل اور عبدالرؤف مندوخیل کے بچا زاد بھائی، جمیکیلر انعام الحق اور یوسف کے ایسوسی ایٹ پروفیسر صبیح الحق کے والد جمیکیلر عبدالرحمٰن مندوخیل، سابق ایڈیشنل مندوخیل اور مرحوم اسلم ای آئی جی رحمت اللہ مندوخیل کے بچا تھے۔

بلوچستان کے شاہراہوں پر ٹرانسپورٹرز کا تحفظ یقینی بنایا جائے

ٹرانسپورٹرز کا شاہراہوں پر حملے، بندمائی اور لوٹ مار بند کرنے کا مطالبہ

ہڑتال کا فیصلہ زمینداروں کے مفادات مدنظر رکھ کر کیا جائے گا، اجلاس

کوئٹہ (نمائندہ مشرق) آل بلوچستان منی مرچنٹ ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن کا اجلاس چیئرمین حاجی بابو کی زیر صدارت میر خزار کلی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں منی مرچنٹ ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن کے صدر لالہ قدیر بزدار، سیکرٹری جنرل عبدالصمد حاجی، میجلک، جنرل سیکرٹری ایوب پٹھان کے علاوہ بڑی تعداد میں مرچنٹ کالکان، کنڈی نمبر، پاکان اور ٹرانسپورٹرز کی شرکت ہوئی۔ اجلاس سے مرکزی صدر حاجی مراد خان کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات ٹرانسپورٹرز کاکڑ اور ٹرانسپورٹرز کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ آے روزڈاکو، راہزنوں، لینڈ مافیاز اور حدود کاٹیوں کو روکا نہ جانے کی وجہ سے پیشہ ور ٹرکوں کو سامنا کرنا پڑ رہا ہے، جس کے فوری تدارک کیا جائے۔ اجلاس میں حاجی بابو، حاجی مراد خان کاکڑ، حاجی عبدالصمد، حاجی عبدالخالق، حاجی محمد ایوب، حاجی محمد اسلم، حاجی محمد اسلم، حاجی محمد اسلم

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ

بابا کوٹ سے اغوا خاتون اور نومولود بازیاب

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بابا کوٹ جسوبے سے اغوا ہونے والی مقوی خاتون اور اغوا کے دوران پیدا ہونے والی نومولود بچی کو پولیس نے کامیاب کارروائی کے دوران بازیاب کرالیا۔ پولیس کے مطابق سی ٹی اے انسپکٹر آبو کے انچارج سید جبید شاہ اور بابا کوٹ تھانے کے ایس ایچ او انسپکٹر شاہزادہ اسحاق کے ہمراہ نفری کے ہمراہ جھل مگسی کے علاقے میں کارروائی کر کے مقوی خاتون زینب کو زاہدہ زہیہ مریم جویرہ اور ان کی نومولود بچی کو بحفاظت بازیاب کرالیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ نومولود بچی کو زاہدہ کو اس وقت اغوا کیا گیا تھا

کوئٹہ شہر کے متعدد علاقوں میں شیشہ کیفے والدین کیلئے تشویش کا باعث بن گئے

گلستان روڈ، شہباز ٹان، جناح ٹان، ایئرپورٹ روڈ، نواکلی، سبزل روڈ، ہزارہ ٹاؤن و دیگر علاقوں میں درجنوں شیشہ کیفے قائم

نوجوان نسل میں شیشہ نوشی کا رجحان بڑھ رہا ہے، تعلیمی اداروں کے طلبہ بھی ان کیفوں کا رخ کرتے ہیں، مکین ہزارہ ٹاؤن

بغیر شیشہ کیفے یا ہٹ افراد کی سرپرستی میں چل رہے ہیں، ان کیخلاف کارروائی نہیں کی جا رہی، حکام پولیس لیں، والدین

کوئٹہ (وین ایے) صوبائی وزارت داخلہ کوئٹہ میں غیر قانونی طور پر قائم شیشہ کیفے کی بڑھتی ہوئی تعداد پر شہریوں، سماجی حلقوں اور والدین کو بے پناہ تشویش لاحق ہو گئی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر کے مختلف علاقوں میں شیشہ کیفے بڑی تعداد میں کھلے عام چل رہے ہیں، تاہم متعلقہ ادارے اس کے خلاف مؤثر کارروائی کرنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں، جبکہ اس خطرے کے مطابق گلستان روڈ، سبزل روڈ، ہزارہ ٹاؤن، سریاب روڈ، سنگمنگ روڈ اور نواکلی ایسے متعدد علاقے ہیں جہاں شیشہ کیفے قائم ہیں، شہریوں کا کہنا ہے کہ کیفوں میں کم عمر نوجوان بھی آتے ہیں، جن کو بڑی تعداد میں شیشہ نوشی کا عادی بنایا جا رہا ہے۔ ان کے مطابق تعلیمی اداروں کے طلبہ بھی ان کیفوں کا رخ کرتے ہیں، جس کے باعث والدین میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ شیشہ نوشی سے متعدد نوجوان بے راہ روی کا شکار ہو رہے ہیں۔ ان کے مطابق بغیر شیشہ کیفے یا ہٹ کے طور پر قائم کیفے نوجوانوں کو منشیات کی طرف بھی دھکیل رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ان کیفوں میں کم عمر نوجوان بھی آتے ہیں، جس کے باعث والدین شدید تشویش کا شکار کر رہے ہیں۔ شہریوں کے مطابق بغیر شیشہ کیفے رات گئے تک کھلے رہتے ہیں، جس سے نہ صرف سماجی آزادی کو خطرہ لاحق ہے بلکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی گورننس پر بھی سوالات اٹھ رہے ہیں۔ رہائشیوں کا کہنا ہے کہ پبلک مقامات پر شیشہ نوشی کا عمل دن رات کے سکت کا رہا سکرین سرگرمیوں کے باعث امن و سکون متاثر ہو رہا ہے ہزارہ ٹاؤن کے رہائشیوں کا کہنا ہے کہ ان علاقے میں مقیم طور پر کہنے سے چالیس شیشہ کیفے قائم ہیں، جن کو ہوبہ نوجوان نسل میں شیشہ نوشی کا رجحان بڑھ رہا ہے۔ ان کے مطابق تعلیمی اداروں کے طلبہ بھی ان کیفوں کا رخ کرتے ہیں، جس کے باعث والدین میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ شیشہ نوشی سے نوجوانوں کو بیکار کی طرف دھکیل رہی ہے، جس کے باعث نوجوان نسل سستی کے شکار ہو رہی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ شیشہ کیفوں کے پھیلاؤ کے باعث والدین اپنے بچوں کے مستقبل کے حوالے سے فکرمند ہیں جبکہ ہزارہ ٹاؤن میں اس وقت دو قوانین کی خلاف ورزی ہو رہی ہے۔ ہزارہ ٹاؤن میں بڑی روڈ تھانہ اور ہزارہ ٹاؤن تھانہ کی حدود کے اندر بغیر شیشہ کیفے یا ہٹ قائم ہیں جن میں متعدد تھانے کے اہلکاروں کو ماہانہ بھتہ وصول کیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے ان کے خلاف کارروائی نہیں ہوتی۔ ان علاقوں کی مکین کی آزادانہ تعمیر کی جا رہی ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ رہائشیوں کا کہنا ہے کہ ان کیفوں کی وجہ سے ان کے خاندانی ماحول متاثر ہو رہا ہے، جس کے باعث والدین میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ شیشہ کیفے میں موجود نوجوان بے راہ روی کا شکار ہو رہے ہیں، اسی وجہ سے ان کے خلاف کارروائی کی جا رہی ہے۔ ان الزامات کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہو سکی ہے بعض شہریوں نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ متعلقہ پولیس تھانوں کی جانب سے بغیر شیشہ کیفوں سے مبینہ طور پر بھتہ وصول کیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے ان کے خلاف کارروائی نہیں ہو رہی۔ ان دعوں کی کسی آزادانہ تصدیق نہیں ہو سکی، اور متعلقہ ادارہ کا موقف سامنے نہیں آیا۔ سماجی کارکنوں اور شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر ان الزامات میں کوئی صداقت موجود ہے تو اس پر شفاف، غیر جانبدارانہ اور اعلیٰ سطح کی تحقیقات ہونی چاہئیں تاکہ حقائق سامنے آسکیں اور ذمہ دار ہر سطح کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جا سکے کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی عادی مجرمان میں منتخب عوامی نمائندے، سماجی تنظیمیں اور مقامی قیادت اس منتخب پر عزم آواز بلند کر رہی ہے، جس کے باعث نوجوان نسل کو نشہ آور اشیاء سے دور رکھنا ممکن ہو سکے گا۔ متعلقہ پولیس تھانوں کی جانب سے اس رجحان کا نشہ روکنے کے لیے کوئی ٹھوس اقدام نہیں کیا گیا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ان کیفوں میں نوجوان نسل کو نشہ آور اشیاء سے دور رکھنا ناممکن ہو رہا ہے، جس کے باعث والدین میں شدید تشویش پائی جاتی ہے

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایڈیٹر کیلوں۔ پبلشر و ہائیٹر سید ممتاز احمد نے اپنی ایم کیو (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر 8-ڈاؤل ہاؤس حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر کیلئے سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:- 2821626-2821538-2829164-2830228-2835934 موبائل نمبر:- 03007-4-2830228
mashriqqta2008@gmail.com ای میل

منگل 28 جولائی 2026ء

کوئٹہ میں جاری آبی بحران۔ موسمیاتی چیلنجز یا انتظامی غفلت؟

آبی بحران اگرچہ بلوچستان سمیت ملک بھر کا اہم مسئلہ ہے تاہم بلوچستان اور بالخصوص صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اس بحران کے پس پشت موسمیاتی چیلنجز کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکمے کی انتظامی غفلت بھی کارفرما ہے۔ اب اس سے بڑھ کر کیا ستم ظریفی ہوگی کہ کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے محکمہ مالکان نے جو اعداد و شمار بتائے کہ شہر میں پانی کی ضرورت دینی پوری کرتے ہیں، متعلقہ محکمہ (پی واسا) کے اکثر ٹیوب ویل خراب ہیں۔ اس بیان کے بعد واسا کا ہم کو یا قاعدہ وضاحت جاری کرنی پڑی کہ واسا کے ٹیوب ویل فعال ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ معاملہ بیانات سے نہیں بلکہ واسا کے انتظامی فریضہ کی احسن ادائیگی سے جڑا ہوا ہے۔ اس وقت کوئٹہ شہر میں واسا کی کارکردگی انتہائی ابتر اور زوال پذیر ہے۔ حال پوچھنے تو محکمہ کھنڈر برائے نام اور سرکاری ملازمین کے لئے ملازمت کا ذریعہ بن کر رہ گیا ہے، اپنا بنیادی فریضہ نبھانے میں شہری آبی ضروریات پوری کرنے میں ناکام ہے اور اسے باہر پھل دکھائی دے رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ کوئٹہ کا آبی بحران کسی ایک موسم، ایک سال یا ایک انتظامیہ کی ناکامی کا نتیجہ نہیں بلکہ یہ کئی دہائیوں کی غفلت، ناقص منصوبہ بندی اور قدرتی وسائل کے بے دریغ استعمال کا مجموعی حاصل ہے۔ ایک ایسا شہر جس کی آبادی مسلسل بڑھ رہی ہو، جہاں رہائشی بستیاں ہر سال پھیل رہی ہوں، جہاں زیر زمین پانی ہی واحد بڑا ذریعہ ہو اور اس کے باوجود اس ذخیرہ کو محفوظ بنانے کے لئے کوئی مؤثر حکمت عملی اختیار نہ کی جائے، وہاں آج نہیں تو کل بحران نے جنم لینا ہی تھا۔ موسمیاتی تبدیلی نے یقیناً اس مسئلے کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ بلوچستان پہلے ہی کم بارشوں والا خطہ ہے لیکن گزشتہ برسوں میں بارشوں کے غیر متوازن نظام، خشک سالی اور درجہ حرارت میں اضافے نے زیر زمین پانی کے ذخائر کی رہا چارجنگ کو شدید متاثر کیا ہے۔ ماہرین عرصہ دراز سے خبردار کر رہے ہیں کہ اگر بارش کے پانی کو محفوظ کرنے، ڈیموں کی تعمیر، برساتی نالوں کے بہتر انتظام اور مصنوعی ری چارج کے منصوبوں پر فوری کام نہ کیا گیا تو کوئٹہ آنے والے برسوں میں شدید آبی بلا کا شکار ہو جائے گا۔ افسوس کہ ان انتباہات کو سنجیدگی سے لینے کے بجائے روایتی انداز میں فائلوں تک محدود رکھا گیا۔ تاہم موسمیاتی عوامل کو تمام خرابیوں کا ذمہ دار قرار دینا بھی حقیقت سے فرار کے مترادف ہوگا۔ اگر قدرتی وسائل محدود ہیں تو انتظامی صلاحیت کا امتحان یہی ہوتا ہے کہ دستیاب وسائل کو بہتر منصوبہ بندی کے ذریعے مؤثر بنایا جائے۔ سوال یہ ہے کہ اگر واسا کے ٹیوب ویل فعال ہیں تو شہریوں کو کئی دن پانی کیوں نہیں ملتا؟ اگر پانی کی تقاسم درست ہے تو تقسیم علاقوں میں پانی کی تقسیم غیر متوازن کیوں دکھائی دیتی ہے؟ اگر محکمہ اپنی ذمہ داری پوری کر رہا ہے تو پھر نجی ٹینکر مافیا شہری کسی سب سے بڑی آبی سپلائر کیسے بن گئی؟ یہ امر بھی باعث تشویش ہے کہ کوئٹہ میں پانی کا باقاعدہ متبادل معاشی نظام وجود میں آ چکا ہے۔ آبی پانی ضرورت سے زیادہ ایک کاروبار بن گیا ہے۔ جس گھر کی مالی حیثیت بہتر ہے، وہ مہنگے داموں ٹینکر خرید کر اپنی ضرورت پوری کر لیتا ہے، لیکن محدود آمدنی والے خاندانوں کے لئے یہ اخراجات ناقابل برداشت ہیں۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ایک ہی شہر میں پانی تک پہنچ کا فرق بھی طبقاتی تقسیم کا شکار ہو رہا ہے۔ اس صورتحال میں سب سے زیادہ متاثر خواتین، بچے اور بزرگ ہوتے ہیں۔ گھروں میں پانی ختم ہو جانے کا مطلب صرف پانی کا مسئلہ نہیں بلکہ کھانا پکانے، صفائی، تعلیم، صحت اور روزمرہ زندگی کے ہر پہلو کا متاثر ہونا ہے۔ پانی کی قلت دراصل شہری وقار پر حملہ ہے۔ ایک ایسا خاندان جو بنیادی ضرورت کے لئے گھنٹوں انتظار کرے یا اضافی زائد پانی پر مجبور ہو، اس کی زندگی کا معیار خود بخود کم ہو جاتا ہے۔ یقیناً یہی ایک اہم حقیقت ہے کہ کوئٹہ میں پانی کی تقسیم کا موجودہ و ممکنہ جدید شہری ضروریات سے مطابقت نہیں رکھتا۔ کئی علاقوں میں پرانی پائپ لائنیں ناکارہ ہو چکی ہیں، کہیں رساؤ کے باعث پانی ضائع ہو رہا ہے اور کہیں کم دباؤ کے باعث سپلائی آخری سرے تک پہنچ ہی نہیں پاتی۔ اگر تقسیم کا نظام جدید خطوط پر استوار نہ کیا جائے تو صرف نئے ٹیوب ویل لگانے سے بھی مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل نہیں ہوگا۔ حکومت کو اس حقیقت کا بھی ادراک ہونا چاہئے کہ زیر زمین پانی لامحدود نہیں۔ نجی بورنگ کے بے تحاشا رجحان نے بھی صورتحال کو پیچیدہ بنا دیا ہے۔ شہر میں ہزاروں غیر رجسٹرڈ ٹیوب ویل زیر زمین ذخائر کو تیزی سے خالی کر رہے ہیں۔ اگر ان پر موثر نگرانی نہ کی گئی تو آنے والے برسوں میں پانی کی کمی مزید نیچے چلی جائے گی، جس کے بعد مہنگے اخراجات بڑھیں گے بلکہ کئی مقامات پر پانی نکالنا ہی ممکن نہیں رہے گا۔ دوسری جانب بارش کے پانی کو محفوظ بنانے کے منصوبے اب بھی ترجیحات میں شامل دکھائی نہیں دیتے۔ حالانکہ اس امر کی بھی سے کہ واسا کو صرف ایک روایتی محکمے کے بجائے ایک جدید شہری وارٹینسٹ ادارے میں تبدیل کیا جائے۔ اس کے لئے ڈیجیٹل مانیٹرنگ، شفاف شکایتی نظام اور پانی کی منصفانہ تقسیم، ٹیوب ویلوں کی بروقت مرمت، لائن لاسز کی روک تھام اور کارکردگی پر مبنی احتساب کو یقینی بنانا ہوگا۔ صرف بجٹ مختص کر کا فی نہیں اس بجٹ کے نتائج بھی عوام تک پہنچنے چاہئیں۔ ضلعی انتظامیہ کا کردار بھی غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ بحران کے دنوں میں قیمتوں کی نگرانی، ٹینکرسپرس کی رجسٹریشن، پانی کے معیار کی باقاعدہ جانچ، غیر قانونی ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور بلیک فراہمی کے مراکز کا تم کرنا انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اگر یہ اقدامات بروقت کئے جائیں تو بحران کی شدت میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے۔ عوامی حکومت کو بھی اب وقتی فیصلوں سے آگے بڑھ کر مستقل پالیسی اختیار کرنا ہوگی۔ کوئٹہ کے لئے ایک جامع واٹر مینجمنٹ پالیسی ناگزیر ہو چکا ہے، جس میں آئندہ بیس برس کی ضروریات، آبادی میں متوقع اضافے، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات اور متبادل آبی ذرائع کو مدنظر رکھا جائے۔ اس منصوبے میں چھوٹے ڈیم، ری چارج ویلز، بارش کے پانی کا ذخیرہ، جدید پائپ لائن نیٹ ورک، واٹر میٹرنگ اور پانی کے ضیاع کو کم کرنے کی حکمت عملی شامل ہونی چاہئے۔ کوئٹہ بلوچستان کا انتظامی، تعلیمی اور تجارتی مرکز ہے۔ اگر یہی شہر پانی جیسی بنیادی ضرورت سے مسلسل محروم رہے گا تو اس کے معاشی، سماجی اور صحت سے متعلق اثرات پورے صوبے پر مرتب ہوں گے۔ اس لئے حکومت کو اس بحران کو محض ایک ٹھکانی مسئلہ نہیں بلکہ شہری بقا کے مسئلے کے طور پر دیکھنا ہوگا موسمیاتی تبدیلی ایک حقیقت ہے، لیکن انتظامی بے حسی کو اس کے پیچھے چھپایا نہیں جا سکتا۔

بھارتی "جین زی" کے ہاتھوں مودی سرکار کی پسپائی



برملا

نصرت جاوید

